© rasailojaraid.com

کر دیا جاتا تو اس کتاب کی اہمیت دو چند ہو جاتی۔ ہم کو امید قوی ہے عربی ادب کے شوقین طلبہ اس کی قدر کرینگے۔

مدرسہ عالیہ فتحپوری دہلی کے پتہ پر جناب مصنف سے طلب کیجیے

الفرقان بریلی مجدد الف ثانی نمبر - اڈیٹر مولانا محمد منظور نعمانی۔ سائز ۲۰×۲۶/۸ صفحات ۲۸۰ کتابت وطباعت عمدہ خاص نمبر کی قیمت ۱۲؍ و ۱۲؍

آج کل اُردو کے ادبی رسالوں کا عام قاعدہ ہوگیا ہے کہ وہ سال میں کم ازکم ایک مرتبہ اپنا کوئی خاص ضخیم نمبر شائع کرتے ہیں۔ الفرقان بریلی کا وقیع علمی و دینی ماہنامہ ہے۔ اس نے بھی اپنے ایک خاص تبلیغی مقصد کے پیش نظر اب سے دو سال پہلے ہندوستان کے مشہور مجاہد اسلام حضرت مولانا اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار میں ایک عمدہ و مفید ضخیم نمبر نکالا تھا جو بڑی حد تک اپنے مقصد میں کامیاب رہا۔ لیکن امسال "الفرقان" کا زیر تبصرہ خاص نمبر جو محیی الملۃ البیضاء حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی سے معنون ہے، پہلے نمبر سے کہیں زیادہ پُر از معلومات، مفید اور نتیجہ خیز ہے۔

اس نمبر کے تقریباً سب مضامین نثر و نظم ہی محنت و کاوش سے لکھے گئے ہیں تاہم ان میں مولٰنا مناظر احسن صاحب گیلانی کا مضمون "الف ثانی کا تجدیدی کارنامہ" اور مولانا عبد الشکور کا مقالہ "الخطبۃ الشوقیۃ" اور خود جناب مدیر کا مضمون "حضرت مجدد کا جہاد تجدید" حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح حیات اور آپ کے مجاہدانہ کارناموں پر مبسوط و مفصل اور محققانہ تبصروں کے حامل ہیں۔ حصۂ نظم بھی بہت خوب ہے اس میں جن شعراء کا کلام درج کیا گیا ہے اُن میں مرد شاعروں کی صف میں محترمہ عصمت آرا بیگم صاحبہ عصمت کا نام بھی نظر آتا ہے جن کی نظم "سرکار سرہند" حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی عقیدت و ارادت کے جوش میں ڈوبی ہوئی ہے۔

مولانا محمد منظور نعمانی لائق مبارکباد ہیں کہ اُنھوں نے مسلمانوں کے موجودہ دور تحیر و تذبذب میں بڑی

© rasailojaraid.com